ہدایات برائے منتخب امیدواران (فرسٹ ایئر)

1۔ منتخب امیدواران فیس مبلغ 143،000 روپے ویب سائٹ پر موجود چالان کے ذریعے حبیب بینک لمیٹڈ کی کسی بھی برانچ میں 10 جون 2026 سے 17 جون 2026 تک جمع کرادیں۔ بصورت دیگر داخلہ مسترد کر دیا جائے گا۔ جمع شدہ چالان کی کاپی آپ ہمیں کالج ای۔ میل ایڈریس یا ہمارے واٹس ایپ نمبر 03311117467 پر بھیج دیں۔

2۔ منتخب امیدواروں کو مورخہ 08 اگست 2026 کو صبح 10:00 بجے سے 11:00 بجے کے درمیان اسوہ کالج اسلام آباد میں ویب سائٹ پر موجود سامان کی لسٹ کے مطابق سامان کے ساتھ رپورٹ کرنی ہو گی۔ امیدوار کے ساتھ زیادہ سے زیادہ دو افراد تشریف لا سکتے ہیں۔

3۔ کالج کی ویب سائٹ (www.uswacollege.edu.pk) پر موجود List of Items میں درج شدہ سامان کالج میں رپورٹ کرنے سے پہلے خرید لیں اور رپورٹ کے دن تمام سامان ساتھ لیکر آئیں۔ غیر درج شدہ سامان واپس کر دیا جائے گا۔ ایسا سامان جو لسٹ سے مطابقت نہ رکھتا ہو بھی واپس کر دیا جائے گا۔

4۔ طلباء اپنے ساتھ درج ذیل کاغذات لازمی لیکر آئیں:۔

ا۔ والد کے شناختی کارڈ اور فارم ب کی 2 کاپیاں

ب۔ فیڈرل بورڈ کے علاوہ اگر کسی اور بورڈ سے میٹرک کا امتحان دیا ہو تو اصل مائیگریشن سرٹیفکیٹ

ج۔ میٹرک 2025 میں پاس کرنے والے طلباء اپنے ہمراہ فرسٹ ایئر کے رزلٹ کی منسوخی کا لیٹر یا اس سے پہلے کسی بھی بورڈ سے فرسٹ ایئر کا امتحان نہ دینے کا بیان حلفی لے کر آئیں۔

د۔ School Leaving Certificate اصل اور کاپی

ہ۔ نویں اور دسویں کے رزلٹ کارڈ کی دو دو فوٹو کاپیاں

5۔ کالج کی ویب سائٹ پر موجود ملاقاتی فارم، ایمرجنسی ایڈریس پروفارما اور Medical Undertaking فارم پر کر کے اپنے ساتھ ضرور لائیں تمام فارمز پر والدین / سرپرست کے دستخط اور فون نمبر لازمی ہیں۔

6۔ باقاعدہ کلاسز کا آغاز انشاءاللہ 10 اگست 2026 کو ہو گا۔